شاہنامۂ فردوسی کا ایک قلمی نسخہ

صدر کتب خانہ واقع جامع مسجد بڑودہ، گجرات میں شاہنامۂ فردوسی کا ایک قلمی نسخہ موجود ہے۔ نسخہ ہذا چار ابواب پر مشتمل ہے اور یہ چاروں ابواب دو جلدوں میں مجلد ہیں۔ پہلی جلد جو باب اول پر مشتمل ہے کے صفحات کی تعداد ۱ تا ۲۴۶ ہے۔ اس کی کتابت ذی قعدہ سنہ ۱۲۴۱ھ میں ہوئی۔ دوسری جلد جو باب دوم، باب سوم اور باب چہارم پر محتوی ہے کے صفحات کی مجموعی تعداد ۲۴۷ تا ۷۰۵ ہے۔ دوسرے باب (۲۴۷ تا ۳۳۳) کی کتابت صفر سنہ ۱۲۴۳ھ میں عمل میں آئی۔ تیسرا باب (۳۳۴ تا ۵۱۹) محرم سنہ ۱۲۴۴ھ میں لکھا گیا اور چوتھا اور آخری باب (۵۲۰ تا ۷۰۵) رمضان سنہ ۱۲۴۳ھ میں تحریر کیا گیا۔

اس نسخے کا سائز ۲۴.۳ × ۱۳.۲ انچ ہے۔ اس کے کاتب کا نام مانک لال کھتری گجراتی ہے جو زین البلاد 'احمد آباد' کا رہنے والا تھا۔ نسخۂ مذکور کو سید معظم علی خنداں ابن میر معصوم علی، سابق لائبریرین، صدر کتب خانے لائبریری کو بطور عطیہ عنایت کیا ہے۔

ڈاکٹر مقصود احمد
شعبۂ عربی، بڑودہ یونیورسٹی
بڑودہ۔ ۲